سوال

(97)مساجد کی تعمیر پر زکوۃ کا مال خرچ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مسجد کی تعمیر پر یا مسجد کی جگہ خریدنے پر زکوٰۃ کی رقم خرچ ہو سکتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صدقات اور زکوۃ کے آٹھ مصارف بیان فرمائے ہیں (التوبہ60)ان میں مسجد کا نام نہیں آیا بعض نے وفی سبیل اللہ سے مسجد پر زکوۃ صدقہ صرف کرنے پر استدلال کیا ہے مگر یہ استدلال درست نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

مساجد کا بیان ج1ص 107

محدث فتویٰ